بسم اللہ الرحمن الرحیم
ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أحلی الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ شیریں زبان درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

كان صلى الله عليه وسلم افصح الناس منطقا واحلاهم كلاماً۔

(احیاء العلوم لامام غزالیؒ جلد ۲ ص ۳۶۳)

کہ حضورِ اقدس ﷺ بولنے میں تمام لوگوں سے فصیح تھے اور کلام کے لحاظ سے آپؐ ان سے شیریں بیان تھے۔

عن بريدة رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله ﷺ افصح النّاس منطقاً واحلاهم كلاماً۔

(المغنی ج ۲۔ ص ۳۶۳)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ تمام لوگوں سے فصیح اللسان اور شیریں زبان تھے۔

عن عائشه رضی اللہ عنہا قالت كان كلام النبی ﷺ فصلا يفهمه كل احد لم يكن يسرد سرداً

(رواہ احمد۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص ۴۱)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ کی کلام جُدا جُدا الفاظ تھے، ہر کوئی سمجھ لیتا اور آپؐ تیز زبان نہ تھے۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط